بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اس شمارہ میں:

☆ شافی خدا کی ذات ہے	2
☆ اداریہ	4
☆ مدر ٹنکچر کے کمالات	5
☆ فیہ شفاءٌ للنّاس	7
☆ بچوں کے متعلق	10
☆ رمضان المبارک	12
☆ نسخہ جات الہامی از حضرت مسیح موعودؑ	14
☆ چائے	15
☆ بزم شفاء	17
☆ کچھ صنف نازک کے متعلق	21
اور بہت کچھ	
☆ انگریزی حصہ	26-34

Ref: .... آپ کا حوالہ نمبر

ممبرانِ بورڈ و ادارہ تحریر

ایڈیٹر

رانا سعید احمد خاں

ایڈیٹوریل بورڈ

ڈاکٹر حفیظ احمد بھٹی، ملک ہارون بابر، ملک ظفر منصور، ڈاکٹر مدیحہ رانا، بشیر احمد ناصر، فرخ سلطان

Publisher:
Howashafi
4 Kingswood Avenue,
Thornton Heath, Surrey CR7 7HR
Tel.: 020-80904449
Fax: 020-83350518
howashafi@hotmail.co.uk

ہمیشہ یہ سوچنا چاہئے کہ شافی خدا تعالیٰ کی ذات ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 19ر دسمبر 2008ء کو مسجد بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے ہوئے احمدی ڈاکٹروں کو نصیحت فرمائی:

"پس ہر احمدی ڈاکٹر اور ریسرچ کرنے والے کو اپنے مریضوں کے لئے اس انسانی ہمدردی کے جذبہ سے کام کرنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارے ڈاکٹرز (ربوہ کے ہسپتالوں میں بھی، افریقہ میں بھی) اپنے نسخوں کے اوپر ھُوَالشَّافِی لکھتے ہیں۔ اگر ہر ڈاکٹر دنیا میں ہر جگہ اس طرح لکھتا ہو اور ساتھ اس کا ترجمہ بھی لکھ دے تو یہ بھی دوسروں پر ایک نیک اثر ڈالنے والی بات ہوگی اور اللہ تعالیٰ کے فضل کو بھی جذب کرنے والی ہوگی اور اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ میں شفاء بھی بڑھا دے گا۔ اکثر پرانے ڈاکٹرز تو مجھے امید ہے کہ یہ کرتے ہوں گے لیکن بہت سے نوجوان ڈاکٹرز شاید اس طرف توجہ نہ دیتے ہوں۔ تو ان کو بھی مَیں اس لحاظ سے توجہ دلا رہا ہوں۔ ہر احمدی جو معالج ہے ہمیشہ سب سے پہلے یہ ذہن میں رکھے کہ اللہ تعالیٰ کی بتائی ہوئی عقل اور علم سے مَیں علاج تو کر رہا ہوں لیکن شافی خدا تعالیٰ کی ذات ہے۔ اگر اس کا اِذن ہوگا تو میرے علاج میں برکت پڑے گی اور ظاہر ہے جب یہ سوچ ہوگی تو پھر ڈاکٹر کی دعا کی طرف بھی توجہ پیدا ہوگی اور جب دعا کی طرف توجہ پیدا ہوگی اور اس کے نتیجہ میں

اس کے ہاتھ میں شفاء بھی بڑھے گی تو خدا تعالیٰ کی ذات پر یقین بھی بڑھے گا اور اس طرح روحانیت میں بھی ترقی ہو گی۔ اسی طرح مریض ہیں، ان کو یہ نہیں سوچنا چاہئے کہ فلاں ڈاکٹر میرا علاج کرے گا تو ٹھیک ہو جاؤں گا یا فلاں ہسپتال سب سے اچھا ہے وہاں جاؤں گا تو ٹھیک ہوں گا۔ ٹھیک ہے سہولتوں سے فائدہ حاصل کرنا چاہئے لیکن مکمل انحصار ان پر نہیں ہو سکتا۔ بلکہ ہمیشہ یہ سوچنا چاہئے کہ شافی خدا تعالیٰ کی ذات ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کا اذن ہو گا تو مَیں شفا پاؤں گا۔ اس لئے جس ڈاکٹر سے بھی ایک مریض علاج کروا رہا ہے دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ اس ڈاکٹر کے ہاتھ میں شفا رکھ دے اور اسے صحیح راستہ سمجھائے۔ ہر احمدی کو یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے شفا دے تو اس کی ذات پر بھروسہ رکھتے ہوئے شفا دے۔ اللہ کے فضل سے جس طرح مجھے اپنے یا اپنے عزیزوں کی بیماری پر دعا کے لئے لوگوں کے خطوط آتے ہیں، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ احمدی کو علاج کے لئے خدا تعالیٰ کی ذات پر بڑا یقین ہوتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود بعض دفعہ طبائع میں یہ خیال پیدا ہو جاتا ہے کہ فلاں ڈاکٹر کا علاج ہی میری کامیابی ہے اور یہ بات بھی ایک طرح سے مخفی شرک میں شمار ہو جاتی ہے"۔

گناہ جھڑتے ہیں

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کو آخری بیماری میں سخت بخار چڑھا ہوا تھا۔ میں نے حضورؐ سے عرض کیا تو آپؐ نے فرمایا جس مسلمان کو کوئی تکلیف پہنچے تو اس کی وجہ سے اس کے گناہ ایسے جھڑتے ہیں جیسے درختوں کے پتے گرتے ہیں۔

(صحیح بخاری، کتاب المرض، باب شدۃ المرض، حدیث نمبر 5215)

اداریہ

الحمدللہ کہ آج پانچ سال کے بعد رسالہ ’’ھوالشافی‘‘ دوبارہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی نوازش اور عنایت ہے کہ حضور پُرنور نے بڑی محبت وشفقت کے ساتھ بنی نوع انسان کی خدمت کرنے کے لئے اس نافع الناس رسالہ کو شائع کرنے کی منظوری واجازت ہمیں مرحمت فرمائی ہے۔

خلق اللہ کی خدمت بہت بڑی عبادت ہے۔ اس کام کو معمولی نہیں سمجھنا چاہئے۔ اس کے بارہ میں ہر زمانہ کے نبیوں نے زور دیا ہے۔ چنانچہ ہم خدمتِ خلق کو ایک فضل الٰہی جانتے ہوئے اور اسے اپنی خوش قسمتی سمجھتے ہوئے، اِس امر میں ہمہ وقت اور ہمہ تن کوشاں رہتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ سلسلہ کے ایک خادم کو زمین کی طرح عاجز اور ہوا کی طرح دستیاب ہونا چاہئے ورنہ وہ خدمت کا حق پورے طور پر ادا نہیں کر سکتا۔ ہم سب کو خدمتِ خلق کا جو موقع خدا تعالیٰ نے عنایت فرمایا ہوا ہے اس کو ضائع نہیں کرنا چاہئے بلکہ اس کو فضل الٰہی سمجھتے ہوئے نہایت نرمی، عاجزی اور انکساری کے ساتھ خلق خدا کی خدمت کرنی چاہئے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم اِس بات پر خود کو خوش قسمت جانیں کہ خدا تعالیٰ نے ہمیں اپنی مخلوق کی خدمت کے لئے پسند فرمایا ہے۔ اگر ہم یہ مقصد اپنے پیش نظر رکھیں تو پھر یقیناً اس میں عظیم الشان برکتیں پڑیں گی۔ شفاء تو خدا تعالیٰ ہی دیتا ہے، ہم تو مریض کے لئے دعا کر سکتے ہیں اور جو سمجھ خدا تعالیٰ نے ہمیں عطا کی ہے، اس کے مطابق دوا دے سکتے ہیں۔

خدا تعالیٰ ہماری عاجزانہ دعاؤں کو قبول فرمائے اور خلیفۂ وقت کی دعاؤں کے صدقے ہمارے مریضوں کو شفاء عطا فرمائے اور ہم سب کو اپنی رضا کی راہوں پر چلائے۔ اللہ تعالیٰ اس رسالہ کو شفاء کا مؤثر ذریعہ بنائے اور ہمیں اپنے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ کے ہر حکم کو بلاچوں چراں ماننے کی توفیق عطا فرمائے اور مکمل اطاعت کی توفیق دے۔ کیونکہ اسی میں برکت اور اسی میں شفاء ہے۔

(خاکسار رانا سعید احمد خاں)

مدر ٹنکچر کے کمالات

☆ ایسٹریس فیرنوس Q:- عام کمزوری، مریضہ ہر وقت تھکی تھکی سی ہو اور آرام کرنا چاہتی ہو اور صرف عام کمزوری کی وجہ سے رحمی کمزوری ہو تو اسے استعمال کریں۔ بانجھ پن رحم کی کمزوری کی وجہ سے ہو۔ شدید کمزوری کی وجہ سے ہو۔ شدید قبض اور قوت ہاضمہ کی کمزوری۔

☆ پستانوں کو بڑھانے اور مناسب سائز پر لانے کے لئے سپر لائم Q استعمال کریں۔

☆ اشوکا:- یہ تمام قسم کی زنانہ خرابیوں کے لئے بے مثل دعا ہے۔

چنانچہ بانجھ پن میں اس کا استعمال بطور مجرب کے کیا جاتا ہے۔ 5 قطرے 3 بار دن میں استعمال کریں۔ وضع حمل کے بعد خارج ہونے والی آلائشوں کو باقاعدہ طور پر خارج کرتی ہے۔

☆ کیمفر Q :- جب کہ اسہال جھرجھری لگ کر یکدم شروع ہو جائیں اور معدہ و پنڈلیوں میں تشنج واقع ہونے لگے تو ایک دو قطرے مدر ٹنکچر کے شوگر پر ڈال کر ہر آدھ گھنٹہ بعد یا حسب ضرورت دھرائیں۔

☆☆☆☆

کار آمد نسخہ جات

کھانسی Cough

فاسفورس 30 :- اس کی کھانسی بھی خشک ہے۔ بولنے سے کھانسی بڑھتی ہے۔ سرد ہوا میں کھانسی زیادہ، چھاتی کے اوپر کھچاؤ، درد اور بوجھ۔ کھانسی کے ساتھ کبھی کبھی خون آئے۔

ویومیکس 30 :- خشک کھانسی جو سرد ہوا سے بڑھے۔ مریض منہ اور سر کپڑے سے ڈھانپ کر لیتا ہے تاکہ ہوا گرم رہے۔

برائی اونیا 30:- خشک کھانسی، رات کو زیادہ کھانسنے سے چھاتی اور سر میں درد چنانچہ کھانستے وقت مریض ہاتھوں سے چھاتی کو تھامتا ہے۔ قبض، پیاس زیادہ، مریض چڑچڑا۔

کیمومیلا 30:- بچوں کی خشک کھانسی جو رات کو زیادہ ہو۔ بچہ نیند میں کھانستا رہتا ہے اور جاگتا نہیں۔ چڑچڑے مزاج کے بچے جو ہر وقت اُٹھائے رہنے سے ہی چُپ رہتے ہیں۔

کالی کارب 30:- خشک کھانسی 3 بجے صبح ہو تو مفید ہے۔

سائنا 30 :- کرموں والے بچوں میں خشک کھانسی، ہر وقت ناک کھجلاتے رہے ہیں۔ پیشاب سفید دودھیا ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆

چکر Vertigo

Canabis Sat 200 روزانہ ایک بار لیں۔

عمومی چکروں کے لئے Cocculus +

Coninum + Kali Phos. 30 ملا کر۔

کثرت حیض Menorrhagia

Trillium Q پانچ قطرے پانی کے گھونٹ میں ملا کر بار بار پینے سے اخراج خون رُک جاتا ہے۔

حیض کا درد کے ساتھ ہونا Dysmenorrhoea

Mag-Phos 6X گرم پانی میں گھول کر بار بار پئیں تو درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔

جوان بچیوں کے لئے 3X Aquiligea میں دینے سے درد ٹھیک ہو جاتی ہے۔

نیند کا نہ آنا Insomnia

Passiflora Q کے ساٹھ قطرے نیم گرم پانی میں ملا لیں اور شام آٹھ بجے کے قریب گھونٹ گھونٹ کر کے پی لیں۔ بوقت ضرورت اس کو دہرا بھی سکتے ہیں۔

نکسیر Epistaxis

Phosphorus + Millefolium 30 دیں۔ اگر خون بہہ رہا ہو تو ہر پندرہ منٹ کے بعد دہرائیں۔ کمزوری واقع ہونے پر China 30 تین بار روزانہ دیں۔ (مرسلہ: خوشنودہ ظفر)

فلو کے لیے مجرب نسخہ

☆ فلو کے آغاز میں ایکونائیٹ 200 میں دو تین خوراکیں لیں۔ اگر ایکونائیٹ نہ ہو تو فیرم فاس 6x میں اِستعمال میں لائیں۔ کسی بھی قسم کے فلو کے لئے + Bacillinium + Influenzinum Osillococcinium + Diphtherinium 200, میں ملا کر حفظ ماتقدم کے طور پر ہفتہ میں ایک بار لیں۔ اگر فلو ہو جائے تو اِس نسخہ کو دِن میں تین بار لیں اور علاوہ ازیں فلو، زکام، نزلہ کے دِنوں میں + Nat Mur Kali Mur + Nat Sulph + Ferr Phos + Mag Phos 6X میں ملا کر دن میں چھ بار لیں تو اللہ تعالیٰ شفا دے گا، اِنشاءاللہ۔ اِس کے علاوہ وٹامن سی (1000mg) میں دن میں دو بار لیں۔

☆ فلو کے لیے Propolis - Q کے تین چار پانچ قطرے دِن میں چند بار منہ میں ٹپکا لیں، Hay Fever، زکام، نزلہ میں بہت مفید ہے۔ (مرسلہ: بشیر احمد ناصر سَندھو)

گردے میں پتھری کا مجرب نسخہ

ایک چمچ (چائے والا) کلونجی، دو چمچ شہد، ایک لہسن کی تُری مِلا کر، پیس کر پیسٹ بنالیں اور دِن میں تین بار کھانا کھانے سے پہلے اِستعمال کریں۔ اللہ فضل فرمائے گا۔ (مرسلہ: متین عبّاسی جرمنی)

فیه شفاءٌ للنّاس

قرآن کریم کا یہ فرمان فیه شفاء للناس بڑی گہرائی رکھتا ہے۔ جب فرانس میں یہ تحقیق کی گئی تو پتہ چلا کہ شہد کی مکھی اتنی صفائی پسند ہے کہ شہد کے ہر چھتے کے کنارے پر یہ ایک کیمیکل لگاتی ہے جس کا نام Proplis ہے۔ مکھی پروپلس کو سفیدے اور دوسرے درختوں سے رسنے والے موم سے تیار کرتی ہے اور اپنے چھتے کے کناروں پر ہر طرف مل دیتی ہے۔ جب بھی اندر جاتی ہے پہلے کناروں پر پاؤں رکھتی ہے۔ جب باہر آتی ہے پھر بھی اس پر پاؤں رکھ کر باہر نکلتی ہے۔ جس سے اس کے پاؤں پر وہ مادہ لگ جاتا ہے جو اسے جراثیم سے پاک رکھتا ہے۔ اس وجہ سے شہد کے چھتے میں کوئی جراثیم داخل نہیں ہو سکتے۔ اس تحقیق کے بعد ڈنمارک کے ایک قابل زمیندار نے خصوصی فارم تیار کر کے شہد کی مکھی کی افزائش کی جہاں سے وہ بڑی مقدار میں پروپلس حاصل کرتا تھا۔ پروپلس کو گلیسرین یا وٹامن E کریم میں ملا کر استعمال کیا جائے تو روزمرہ کے پھوڑے پھنسیوں میں بہت مفید ہے۔ حضورؒ فرماتے ہیں کہ جب میں نے اسے پروپلس کی مرہم بنا کر دی جو شہد کی مکھی خود اپنے لئے جراثیم کش دوا کے طور پر بناتی ہے تو ایک ہفتہ سے بھی کم عرصہ میں اس کا زخم بالکل ٹھیک ہو گیا۔

(علاج بالمثل، صفحہ 612 تا 613)

ہیومیوپیتھی طریقہ علاج میں شہد کی مکھی کا کردار

گذشتہ سو سال سے زائد عرصہ میں شہد کی مکھی کے پیٹ سے نکلنے والے مواد کو جو وہ مختلف پودوں سے حاصل کرتی ہے۔ ہومیوپیتھی طریقہ علاج میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ ہیومیوپیتھی کے موجد ڈاکٹر سیموئیل ہانیمن کے اصول کے مطابق کسی بیماری کا علاج اس جیسی چیز سے کیا جاتا ہے۔

مثلاً شہد کی مکھی کے کاٹنے سے جو علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ مثلاً سوجن، سردرد اور جلد میں انفیکشن یا ایسا درد جس میں جلن کا احساس ہو۔ وغیرہ۔ اس میں Apis mellifien D4, D12, D30 تجویز کرنی چاہئیں۔

بڑی علامات جو علاج کے تجویز کرنے میں مدد دیتی ہیں۔

جلد یا بلغی جلد کی سوزش، لُو لگنا، گردوں کی سوزش، جوڑوں کی دردیں، ایسا درد جس میں جلن کا احساس، سردرد، گلوں کی سوزش، کیڑے مکوڑوں کا کاٹنا وغیرہ۔

ہومیوپیتھی طریقہ علاج کے لئے کم از کم دو یا تین علامات

کا پایا جانا ضروری ہے۔غیر واضح علامات اور تکالیف کی صورت میں ڈاکٹر یا طبیب سے رجوع کریں۔

Propolis شہد کی مکھیوں کے لئے حفاظت اور انسانوں کے لئے شفا ہے۔Propolis ایسا مرکب ہے جو شہد کی مکھیاں مختلف پودوں اور درختوں سے حاصل کرتی ہیں۔ جو اُن کے چھتے یعنی گھر کی سردی، جراثیم، فنگس اور وباؤں سے حفاظت کرتی ہے۔ اس میں اعلیٰ قسم کی توانائیاں بھی ہیں۔ Propolis کی مختلف اشکال مثلاً محلول، کریم یا مرہم ہومیوپیتھی ادویات میں انسانی جسم کی اندرونی و بیرونی بیماریوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

پروپلیس D1 کا محلول (Tincture) انفیکشن والی بیماریوں میں استعمال ہوتا ہے۔

D2 محلول (Tincture) معدہ میں فنگس سے متعلقہ بیماریوں میں مفید ہے۔

D12 یا اونچی طاقت والے محلول (Tincture) غذا سے متعلقہ بیماریوں میں مؤثر ہے۔ یہ جگر کے نظام کو مضبوط بناتا ہے۔ موسمی نزلہ زکام کی صورت میں Pollen آنے سے چند ہفتے قبل روزانہ 3 بار محلول کے پانچ قطرے آدھے گلاس پانی میں مفید نتائج پیدا کرتا ہے۔ Propolis محلول گلے، کان اور ناک کی سوزش، سانس کی بیماریوں، پیشاب کی سوزش، خون کے

رَبِّ کُلُّ شَیْئٍ خَادِمُکَ
رَبِّ فَاحْفَظْنَا وَانْصُرْنَا وَارْحَمْنَا

اے میرے رب!
ہر شے تیری خادم ہے۔
اے میرے رب!
تو ہماری حفاظت فرما اور ہماری مدد فرما
اور ہم پر رحم فرما۔

دباؤ، خون کی کمی، ہارمون اور دفاعی نظام کی مضبوطی کے لئے مفید ہے۔روزانہ آدھے گلاس پانی میں Proplis محلول کے 10 سے 15 قطرے منہ کی صفائی اور مسوڑھوں کی سوزش کے لئے انتہائی مفید ہیں۔

Proplis بھاری دھاتوں اور ان کے اثرات سے جسم کو صاف رکھتا ہے۔مثلاً سیسہ، پارہ، پلاٹینم، جراثیم کش دوائیوں، کیمیائی طور پر چیزوں کو دیر تک رکھنے والے اجزاء کے بداثرات کو بھی دور کرتا ہے۔ انفیکشن (سوزش) کی صورتوں میں Ass-Asperin کا کام کرتا ہے۔الرجیوں کے خلاف مضبوط دفاعی نظام کے لئے Proplis محلول کے 10 سے 20 قطرے آدھے گلاس میں نیم گرم پانی میں 3 ہفتے سے 3 مہینے تک روزانہ تین بار استعمال کریں تو سارے جسم کا دفاعی نظام عموماً

الرجیوں کے خلاف خصوصاً بہت مضبوط ہو جاتا ہے۔
(کتاب کا نام Weg zur gesundheit، تلخیص و آزاد ترجمہ، صفحہ 121-124)

بائیو کیمک اور نیکوٹن زہر

ڈاکٹر شوسلرز Schuslers کے نمکیات، تمباکو نوشی کے نتیجہ میں جسم کے اندر نیکوٹن کے بد اثرات سے پیدا ہونے والی بیماریوں، مثلاً جسم، ہاتھوں، پاؤں میں بہت بدبو دار پسینہ اور درد کے لئے بہت مفید ہیں۔

اگر Kalium Phosphoricum اور Natrium Muriaticum، Natrium Chloratum بدل بدل کر دس دن تک دی جائے تو بدبو دار پسینے اور دردوں سے مکمل نجات مل جاتی ہے۔ اس طرح سگریٹ نوشی سے بھی چھٹکارا ہو جاتا ہے۔

ناقابل برداشت دردیں

جسم میں ناقابل برداشت دردوں میں D 6 Magnesium Phosphoricum مفید ہے۔ خصوصاً ہڈیوں کے دردوں میں تو جادو کا کام کرتی ہے۔ پرانی دردوں میں 7 نمبر کی 4 ٹکیاں ناشتے سے آدھا گھنٹہ پہلے اور اسی طرح دن کے دوران مزید دو بار چار چار ٹکیاں پرانی دردوں کے خلاف بہت مفید ہیں۔ اسی طرح ہڈیوں کی نشونما کے لئے Calcium Fluoratum DL (Nr.1) بہت مفید ہے۔

5 دفعہ دن میں سبزی اور پھل کا استعمال

سرطان (کینسر) کے مرض میں مبتلا ہر تیسرا شخص گیارہ فیصد موت کے نزدیک ہوتا ہے لیکن اگر ایسے افراد غذائیت سے بھرپور خوراک کا استعمال کریں تو وہ اس بیماری کو تقریباً ختم کر سکتے ہیں۔ بقول Dr. Jackob Lineisen der technischen Universität, München اور Dr. Nikolaus (DKFZ) Becker جن کا Deutschen Medizinischen Wochenschrift سے تعلق ہے ان کا کہنا ہے کہ سبزیاں اور پھل کی جو بھی قسم ہو، ان کا استعمال دن میں پانچ دفعہ ہونا چاہیے کیونکہ ان کے استعمال سے سرطان کی بیماری میں 20% کمی کا امکان ہے اور دوسرا یہ کہ grill کیا ہوا گوشت کم سے کم استعمال کریں کیونکہ آگ پر grill کرنے سے گوشت میں کینسر کی بیماری کے جراثیم زیادہ ہوتے ہیں اور کوشش کریں کہ گوشت کو ہلکا پھلکا رکھیں تاکہ آپکی توانائی بھی برقرار رہے۔ جانور کی چربی کا استعمال ممکنہ حد تک کم کریں اور اس بات کو بھی مدِنظر رکھیں کہ آپکا وزن زیادہ کم نہ ہو جائے کیونکہ اگر آپ صرف سبزیوں اور پھلوں کا ہی استعمال کرتے رہیں تو یہ مت سوچیئے کہ آپ کینسر سے محفوظ رہ سکیں گے۔

کچھ بچوں سے متعلق

مرض	علاج
بچے جو پڑھ کر سب کچھ بھول جائیں	Malndrinum 30 ہفتہ میں 3 بار
رات کے وقت بچہ ڈرے کہ کہیں کوئی چیز بیٹھی ہے اور اوپر سے نیچے کا ڈر	Argent-Nit 30 : 3 بار روزانہ
بچہ ذہنی طور پر کمزور ہو، سبق یاد نہیں رہتا	(1) Bryta Carb 200 : ہفتہ وار (2) Nat-Mur D6 & Kali-Phos D6: روزانہ 3 بار
بچوں میں کیلشیم کی کمی	Calc-Carb 30
بچہ بہت زیادہ توجہ چاہتا ہو	Phosphors + Pulsatila 30
بچہ ضدی ہے اور تھوکنے کی عادت	Zincum Met + Hyoscymus 200
بچے سکول جانے سے خوف زدہ	Arsenicum + Opium + Aconite 30
ایسے بچے جو تیز طرار ہوں، گرم مزاج اور بدتمیز ہوں	Medorrhinum 200
جو بچے بار بار رونے کا بہانہ کرتے ہیں	Staphy Sagria 30
شام ہوتے ہی بچہ خوفزدہ	Lycopodium 200
بچہ باتیں نہ کرتا ہو	Nat-Mur + Kali-Phos D6 ملا کر 3 بار دن میں (صرف ایک ماہ)
بچہ تھتھلاتا ہو	Stramonium 30
ایسے بچے جو ہر وقت ناک کُریدیں	Arum Triphyllum 30
بچہ کا مٹی کھانا جائے براز (مقعد) میں خارش	Cina 30

بچہ مٹی کھاتا ہو، کاغذ کھاتا ہو، چاک کھاتا ہو	Bryta Carb 30 اگر ایک ماہ تک فرق نہ پڑے تو ہومیو پیتھ سے رابطہ کریں۔
بچے رات کو دانت پیستے ہوں۔ زیادہ میٹھا کھاتے ہوں	Nat-Phos 6
پتلے دست آتے ہوں	Podophyllum, Croton, Vertrum Alb 30
نومولود بچوں کے یرقان کیلئے	Lupulus 30
ناخن کھانے کی عادت	Calc-Carb 30
بچوں میں سبز رنگ کی پیچش ہو تو اچھی دوا ہے۔	Chammomilla 30
بچہ چھوٹی عمر میں زیادہ روتا ہو	Mag-Phos D6 گرم پانی میں گھول کر پلائیں
دودھ پیتے بچہ کی قبض	Alumina 30 یا Silieca D6 دیں-
بچوں کو بخار ہو تو	Sulphur Pyroginum 200 کی خوراک دیں اور ساتھ Kali-Phos, Ferrum-Phos, Kali-Mur, Calc-Fluor D6 میں گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے شروع میں دیں Belladona+Pul+Cham= 30 ملا کر بار بار دیں
بچوں کے کان میں درد	Nat-Sulph + Calc-Phos + Mag-Phos 6X میں ملا کر یا دودھ میں ڈال کر بچے کو
نومولود بچوں کے پیٹ میں ہوا	پلا دیں۔ Mag-Carb 30
بچوں میں سبز رنگ کے دست ہوں تو	میں دن میں تین بار دیں۔
بچوں کے سر پر پسینہ	Calc-Carb 30
بچوں میں بخار کے لئے	Paracetamol 3X بار بار دیں

رمضان المبارک

روحانیت کا موسم بہار

رمضان المبارک انسان کی روحانیت کو تیز کرنے اور نیکیوں میں ترقی کرنے کے لئے نہایت سازگار ماحول فراہم کرنے والا مہینہ ہونے کے ساتھ ساتھ انسانی صحت کے لئے بھی ایک نہایت موزوں مہینہ ہے۔

سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام روزہ کی فلاسفی اور حکمت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:-

’’روزہ اتنا ہی نہیں کہ اس میں انسان بھوکا پیاسا رہتا ہے بلکہ اس کی حقیقت اور اس کا اثر ہے جو تجربہ سے معلوم ہوتا ہے۔ انسانی فطرت میں ہے۔ جس قدر کم کھاتا ہے اسی قدر تزکیہ نفس ہوتا ہے اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں۔‘‘

(ملفوظات جلد 9، صفحہ 123)

روزہ صحت و تندرستی کا ضامن ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے روزہ کی صحت کے لئے افادیت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

’’آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں صُومُوا تَصِحُّوا روزے رکھو تا کہ تمہاری صحت اچھی ہو اور صحت تبھی اچھی ہوسکتی ہے کہ اگر آپ روزوں سے یہ سبق سیکھیں کہ ہم جو بہت زیادہ کھایا کرتے ہیں بڑی سخت بے وقوفی تھی۔ رمضان نے ہمیں یہ کھانے کا سلیقہ سمجھا دیا ہے درحقیقت اس سے بہت کم پر ہمارا گذارہ ہوسکتا ہے جو ہم پہلے کھایا کرتے تھے۔ تو اپنی خوراک بچاؤ اور اس کے ساتھ اپنی صحت کی حفاظت کرو۔ اب امر واقعہ یہ ہے کہ اس سے بہتر ڈائٹنگ کا اور کوئی طریق نہیں جو روزوں نے ہمیں سکھایا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اس مضمون پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں کہ روزے میں کھانا کم کرنا لازم ہے کیونکہ کھانا کم کئے بغیر جو اعلیٰ مقصد ہے روزے کا وہ پورا نہیں ہوسکتا۔ یعنی صرف یہ نہیں کہ کچھ وقت بھوکے رہنا بلکہ دونوں کناروں پر بھی صبر سے کام لو اور نسبتاً اپنی غذا تھوڑی کرتے چلے جاؤ۔ فرماتے ہیں اس کے بغیر انسان کی توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں ہوسکتی۔ ذکر الٰہی کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ ذکر الٰہی ایک روحانی غذا ہے اور روزمرہ کا کھانا ایک جسمانی غذا ہے۔ تو رمضان کی برکت یہ ہے یا روزوں کی برکت یہ ہے کہ وہ جسمانی غذا سے ہماری توجہ روحانی غذا کی طرف پھیر دیتے ہیں اور ذکر الٰہی میں ایک لطف آنا شروع ہوجاتا ہے اور وہ روحانی لطف ہے جو آپ کی روح کو تروتازہ کرتا ہے۔ اس کی مضبوطی کا انتظام کرتا ہے اور جسم پر جو زائد چربیاں چڑھی ہیں اُن کو پگھلاتا ہے۔‘‘

(خطبہ جمعہ فرمودہ: 17 جنوری 1997ء)

سحری اور افطاری میں اعتدال کو پیش نظر رکھیں

سیّدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

فرماتے ہیں:

''اسی طرح افطاری میں تنوع اور سحری میں تکلفات بھی نہیں ہونے چاہئیں اور یہ خیال بھی نہیں کرنا چاہیئے کہ سارا دن بھوکے رہے ہیں اب پُرخوری کرلیں۔ رسول کریم ﷺ کے زمانہ میں صحابہ کرامؓ افطاری کے لئے کوئی تکلفات نہ کرتے تھے۔ کوئی کھجور سے، کوئی نمک سے بعض پانی سے اور بعض روٹی سے افطار کرلیتے تھے۔ ہمارے لئے بھی یہ ضروری ہے کہ ہم اس طریق کو پھر جاری کریں اور رسول کریم ﷺ اور صحابہؓ کے نمونہ کو زندہ کریں۔ (تفسیر کبیر از حضرت مصلح موعودؓ، سورۃ البقرۃ زیر آیت 186)

اللہ تعالیٰ ہمیں رمضان المبارک کی روحانی وجسمانی ہر دو برکات سے کماحقہٗ استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

رمضان المبارک کے دوران کام آنے والی چند مفید ادویات

روزہ/ بھوکا رہنے سے سر درد

CISTUS 30

انتڑیوں میں سوزش/قبض/ ہونٹ پھٹنا

BRYONIA 200

پیٹ میں تیزابیت/ انتڑیوں میں تکلیف

IRIS VERS. 200

NUX VOMICA 30

نفخ

CHINA + CARBOVEG + LYCOPODIUM 30

کچھ پیٹ درد کے متعلق

سردی سے آرام اور گرمی سے تشنج بڑھتا ہو پر خون افراد کو گرمی نقصان دیتی ہے ایسے مریضوں کو Belladona دینے سے آرام ہوتا ہے۔ (بے شک بار بار دیں۔ چند خوراکیں)

☆ اگر مریض کو گرمی سے آرام اور ٹکور سے آرام آئے تو Magnesia/Phos 6x گرم پانی میں گھول کر دیں۔ اللہ کے فضل سے شفاء ہو جاتی ہے اگر چند خوراکوں سے فرق نہ پڑے تو 200 میں دیں۔ شیر خوار بچوں کے لئے میگ فاس 6x دینے سے اُن کے پیٹ کی ہوا خارج ہو جاتی ہے اور درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اور بچہ سکون سے سو جاتا ہے۔ (مجرب)

☆ مریض اکٹھا ہو کر بیٹھتا ہے آگے جھکنے سے درد کو آرام آئے اور سکون محسوس ہو تو اس کے لئے Colocynthis مفید دوا ہے۔

☆ اگر مریض کو پیچھے کی طرف جھکنے سے آرام اور سکون محسوس ہو تو Discorea اس میں مفید ہوتی ہے۔

☆ Colic کیلئے حضورؒ کا نسخہ ڈائسکوریا + بیلاڈونا + میگ فاس + کولوسنتھ 30 میں ملا کر بار بار لیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے مریض کو سکون آجاتا ہے۔

☆ بووسٹا Bovista میں پیٹ درد کو آگے جھکنے سے آرام آتا ہے۔ ناف کے گرد درد زیادہ ہوتا ہے بعض اوقات قولنج کے دورے کے ساتھ پیشاب میں سرخی، درد قولنج میں کھانے سے افاقہ ہوتا ہے۔

☆ شدید پیٹ درد، تھوڑے تھوڑے اسہال ساتھ تشنجی دورے، پیٹ تن جائے اور چھونے سے درد ہو اور اندر کی طرف کھنچاؤ ہو تو Cuprummet مفید دوا ہے۔

نسخہ جات الہامی بیان فرمودہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام

برائے خناق الرحم، ہسٹریا، وکابوس ومرگی

اجوائن دیسی ایک تولہ۔ ہیرا ہینگ ایک تولہ۔ دونوں کو عرق گلاب میں پیس کر حبوب نخودی یا کنار صحرائی بنالیں ایک حب صبح اور ایک حب عصر کے وقت عرق گلاب کے ساتھ استعمال کریں۔ عجیب الاثر ہے۔

(حیات قدسی، صفحہ 117)

نسخہ برائے سوزاک

مازو سبز ایک تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ روغن صندل ایک تولہ۔ روغن کے علاوہ باقی سب ادویہ کو باریک پیکر ان میں روغن ملالیں اور سات عدد پڑیہ بنالیں۔

ترکیب استعمال:-

5 تولہ کوزہ مصری یا دوسری مصری رات کو چینی کے پیالہ میں ایک پاؤ پانی ڈال کر ننگے منہ آسمان کے نیچے محفوظ رکھیں۔ صبح قبل از طلوع آفتاب ایک پڑیہ منہ میں ڈال کر اُوپر سے شربت پی لیں۔ غذا صرف دودھ چاول باقی اشیاء سے پرہیز۔ اس سے نیا اور پرانا سوزاک رفع ہوجاتا ہے۔ بلکہ پہلی خوراک سے آرام شروع ہوجاتا ہے۔

پیٹ درد اور پیٹ میں ہوا کا آزمودہ نسخہ

اجزاء:- آدھی چھوٹی چمچ اجوائن کی۔ ایک چھوٹی چمچ سونف۔ دو تین چھوٹی الائچیاں۔ پانچ سبز چائے کے پتے۔ تھوڑی سی دارچینی۔ بادیہ خطائی دو یا تین

ان سب چیزوں کو مکس کر کے چھ کپ پانی میں ڈال دیں اور حسب ضرورت چینی بھی ڈال دیں۔ دو تین اُبالے آجائیں تو تھرماس میں نتھار کر ڈال دیں۔ اس کو وقفے وقفے سے پئیں تو پیٹ کا درد جاتا رہا ہے۔ اور ہوا بھی خارج ہوجاتی ہے۔ خاص طور چھوٹے بچوں کے لئے بہت مفید ہے۔

اعلان

اِس رسالہ کو بہتر بنانے کے لئے آپ کے ذہن میں اگر کوئی تجویز ہو تو مطلع فرمائیں۔ ہم سے رابطہ کرنے کے لئے:

Howashafi
4 Kingswood Avenue,
Thornton Heath, Surrey CR7 7HR
Tel.: 020-80904449
Fax: 020-83350518
howashafi@hotmail.co.uk

جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے
مہمانوں کی خدمت میں خوش آمدید

چائے!

جدید تحقیق

(ناصر پاشا)

برطانیہ میں چائے گزشتہ ساڑھے تین سو سال سے استعمال ہو رہی ہے اور یہ پانی کے بعد سب سے زیادہ استعمال کیا جانے والا مشروب ہے۔ اگرچہ چائے کے فوائد اور بعض نقصانات کے حوالہ سے تحقیقی کام تو ہمیشہ جاری رہا ہے لیکن حال ہی میں اس کی افادیت سے متعلق یونیورسٹی آف برلن کے ماہرین کی یہ رائے ایک طویل مشاہدے کے بعد منکشف ہوئی تھی کہ (دودھ کے بغیر) چائے ٹیومر سیلز اور فالج سے محفوظ رکھنے کے لئے مؤثر ترین دوا کا درجہ رکھتی ہے اور چائے شریانوں میں خون کے بہاؤ کا تسلسل بھی برقرار رکھتی ہے۔ تاہم یہ فوائد چائے میں دودھ کی معمولی مقدار شامل کرنے سے بھی زائل ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ ایک تجربے میں جب تیس صحت مند افراد کو دودھ کے بغیر چائے وقفے وقفے سے پلائی گئی اور چائے پلانے کے تین گھنٹے بعد اُن میں خون کے بہاؤ کا جائزہ لیا گیا تو ہر بار خون کا بہاؤ پہلے سے بہتر محسوس ہوا لیکن جب چائے میں دودھ ملایا گیا تو یہ اثرات ختم ہو گئے۔ یہی تجربہ چوہوں پر بھی کیا گیا چنانچہ قہوہ پینے سے چوہوں میں نائٹرک ایسڈ زیادہ مقدار میں پیدا ہونے لگا جو دراصل شریانوں کو پھیلنے میں مدد دیتا ہے۔

امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن کے ماہرین کا بھی کہنا ہے کہ چائے کا استعمال ہارٹ اٹیک سے بچاؤ میں معاون ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ خون میں موجود چربی ایک خاص کیمیائی عمل سے گزرنے اور آکسیجن سے ملنے کے بعد ہی اُس شکل میں تبدیل ہوتی ہے جو خون کی نالیوں میں جم کر اُن کو تنگ کر دیتی ہے اور اس کے نتیجے میں خون کی روانی میں خلل پیدا ہوتا ہے۔ جبکہ چائے کے اینٹی آکسیڈنٹ اجزاء خون کی چربی کو آکسیجن سے محروم رکھتے ہیں جس سے خون صحتمند رہتا ہے۔ نیز بعض دیگر سائنسی تحقیقات سے بھی اس بات کی نشاندہی ہوئی ہے کہ چائے کے اینٹی آکسیڈنٹس خون میں چربی بننے کے عمل میں سب سے مؤثر رکاوٹ ثابت ہوتے ہیں۔ چنانچہ چائے نہ صرف دل بلکہ دماغ کی بعض بیماریوں یعنی فالج وغیرہ کے خطرات سے بھی محفوظ رکھنے میں مدد دیتی ہے۔

ہالینڈ میں کی جانے والی ایک تحقیق کے مطابق بڑی عمر میں فالج کے امکانات اُن لوگوں میں جو باقاعدگی سے چائے پیتے تھے، نمایاں طور پر کم تھے۔ ماہرین کے مطابق کالی چائے میں موجود اینٹی آکسیڈنٹس جسم میں بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت بھی بڑھاتے ہیں لیکن حیرت ہے کہ یہ مفید ترین اجزاء چائے میں دودھ شامل کرنے سے اپنی تاثیر کھو بیٹھتے ہیں۔ تاہم سادہ چائے میں ادرک، الائچی اور پودینہ وغیرہ کا اضافہ کر کے اِسے حسب ذائقہ بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ چائے کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ چائے کے عادی افراد کی ہڈیاں خستگی سے محفوظ رہتی ہیں جس کی وجہ چائے میں موجود معدنیات ہیں۔ اسی طرح چائے کا ایک عنصر سانس کی نالیوں میں تنگی کم کرنے کے لئے بہت اہمیت رکھتا ہے۔

ایک تجربہ سے یہ معلوم ہوا ہے کہ چولہے پر پانی اُبال کر تیار کی جانے والی چائے تاثیر کے لحاظ سے اُس چائے سے بہت فرق رکھتی ہے جس کے لئے پانی مائیکروویو یا کسی دوسرے ذریعہ سے اُبالا گیا ہو۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ چائے میں ایک خاص تیزاب ہوتا ہے جو صرف 80 ڈگری پر پانی میں تحلیل ہوتا ہے جبکہ مائیکروویو وغیرہ میں یہ ٹمپریچر حاصل نہیں ہوتا اس لئے قدرتی طور پر جوش دی گئی بغیر دودھ کی چائے کا نعم البدل کسی اَور طریق سے تیار کی گئی چائے کو قرار نہیں دیا جاسکتا۔

برطانیہ میں کی گئی ایک تحقیق کے نتیجہ میں بتایا گیا ہے کہ چائے کے چار کپ روزانہ استعمال کرنے سے دل کے دورے سے محفوظ رہنے میں مدد مل سکتی ہے۔ برٹش نیوٹریشن فاؤنڈیشن کے مطابق چائے کے استعمال سے ہائیڈریشن بڑھ جاتی ہے اور انسان چست رہتا ہے۔ چائے ہڈیوں کو مضبوط بناتی ہے اور اِس کے اندر کینسر کے خلاف کام کرنے والا مواد بھی موجود ہے۔ یہ دل کے دورے سے بھی بچاتی ہے جبکہ عمر رسیدہ عورتیں جن کی ہڈیاں خراب ہونے کا خدشہ ہو، روزانہ چار کپ چائے پینے سے اپنی ہڈیاں کسی قدر مضبوط بناسکتی ہیں۔ تاہم اس تحقیق میں یہ بھی معلوم کیا گیا ہے کہ دودھ ڈالنے سے چائے کے اندر اجزاء پر کوئی خاص اثر نہیں پڑتا۔

چند ماہ قبل فرانس میں کی جانے والی ایک تحقیق میں یہ بھی بتایا گیا تھا کہ جو عورتیں روزانہ تین کپ چائے پیتی ہیں، اُن کو دل کے دورے یا فالج کے حملے کے امکانات میں کمی واقع ہوجاتی ہے مگر جو صرف ایک یا دو کپ پیتی ہیں، اُنہیں اس حوالے سے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔

فن لینڈ میں 26 ہزار سے زیادہ سگریٹ نوشوں پر کی گئی تحقیق کے مطابق کافی اور چائے کا استعمال سگریٹ نوشوں کو دل کے دورے سے بچانے میں مفید ثابت ہوا ہے کیونکہ اِن میں ایسے اجزاء موجود ہیں جو خون سے زہریلے عناصر کو خارج کرنے میں مفید ثابت ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ جسم میں انسولین کی سطح کو نارمل رکھنے میں بھی کافی اور چائے فائدہ دیتی ہیں۔ ایک تجربہ میں چائے اور کافی پلانے سے پہلے اور بعد میں اُن کے دل اور خون میں کولیسٹرول اور انسولین کی سطح کا تجزیہ کیا گیا۔ اس رپورٹ میں کافی اور چائے کی مقدار کو بھی پیش نظر رکھا گیا۔ ماہرین کا خیال ہے کہ سگریٹ نوشی کی عادت کو اگر کم کردیا جائے تو چائے اور کافی سے زیادہ فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے تاہم دن میں دو مرتبہ چائے اور کافی پینے سے سگریٹ پینے والے مردوں میں دل کے امراض میں مبتلا ہونے کے امکانات میں 21 فیصد تک کمی دیکھی گئی۔ ایک برطانوی ماہر ڈاکٹر رُکسٹن کا کہنا ہے کہ کافی کی نسبت چائے صحت کے لئے زیادہ بہتر اور مؤثر ہے اس لئے کافی پینے والے افراد بے شک کافی پینا نہ چھوڑیں لیکن چائے بھی ضرور پییں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ چائے کا استعمال خون کی اُن نالیوں کو بلاک ہونے سے روکتا ہے جو خون کو دماغ تک پہنچاتی ہیں۔ سگریٹ نوشی میں اِن شریانوں کے متاثر ہونے کے امکانات کہیں زیادہ ہوجاتے ہیں۔

اس رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ چائے کے فوائد سے مکمل استفادہ کے لئے اس میں دودھ شامل نہیں کیا جانا چاہئے کیونکہ قہوے میں دودھ شامل کرنے کے بعد اس کے فوائد میں اسّی فیصد سے زیادہ کی کمی واقع ہوجاتی ہے۔

امریکی ریاست فلوریڈا کے موفٹ کینسر سینٹر میں ہونے والی اس تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ 50 سال سے کم عمر کی ایسی خواتین میں چھاتی کے سرطان کی رسولی کے خطرے میں 37 فیصد تک کمی ہوجاتی ہے جو روزانہ چائے کے کم از کم تین کپ پیتی ہیں لیکن بڑی عمر کی خواتین کو تین یا اس سے زیادہ کپ چائے روزانہ پینے سے اس سلسلے میں کوئی خاص فائدہ نہیں ہوتا۔ اس کی وجہ سے چائے میں ایسے اجزاء کی موجودگی ہے جو سرطان کی ان خاص قسم کی رسولیوں کے خلاف زیادہ موثر ہوتے ہیں جن کا نشانہ بالعموم 50 سال سے کم عمر خواتین بنتی ہیں۔ یہ تحقیق پانچ ہزار سے زیادہ خواتین پر کی گئی ہے جنھوں نے چھاتی کے سرطان کا علاج کرایا تھا اور ان کی عمریں 20 سے 74 سال کے درمیان تھیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ چائے کو ایک روزمرہ کے مشروب کے طور پر اپنے معمولات میں شامل کرنے سے جسم میں سرطان کے خلاف مناسب قوت مدافعت پیدا ہوجاتی ہے۔

بزم شفاء

☆ ایک صاحب جرمنی میں برلن ہسپتال میں زیرعلاج تھے۔مرض۔دل کمزور۔پھیپھڑوں میں پانی۔ ہائی بلڈ پریشر۔ڈاکٹروں نے مصنوعی سانس چڑھا دیا اوراپنا علاج جاری رکھا۔مگر جب بھی مصنوعی سانس دینا بند کردیتے تو جان کوخطرہ لاحق ہو جاتا۔دوبارہ سانس چڑھا دیتے۔پھر مصنوعی قوما میں ڈال دیا۔اُن کی بیٹی نے خاکسار سے رابطہ کیا اور صورت حال سے آگاہ کیا۔

ہم نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے Arnica200 + Lachesis 200 تین بار روزانہ، نیز Crataegus 6x میں تین باردن میں کھانے کے بعد اور اس کے آدھ گھنٹہ کے بعد Digitalis 30 تین بارروزانہ دلوائی۔آج مورخہ 13-01-09 کو بذریعہ فون اطلاع دی کہ والد صاحب کے تمام چیک اَپ ہوئے۔دل بھی ٹھیک ہو رہا ہے۔پانی ختم ہو چکا ہے۔مصنوعی قوما اور مصنوعی سانس بھی ختم کر دیا گیا اور بلڈ پریشر Glonine30 دینے سے نارمل ہو گیا ہے۔ الحمدللہ مزید ہدایت کی ہے کہ دوا جاری رکھیں۔

☆ جرمنی سے ڈیڑھ سال کا بچہ پاکستان گیا۔اُسے دست لگ گئے۔کروٹن،پوڈم اور ورٹیرم وغیرہ دی۔کوئی فرق نہیں پڑا۔ Kali-Iod 1X کی پہلی خوراک نے ہی معجزہ دکھایا۔شفاء ہو گئی۔الحمدللہ

☆ ایک بچہ عمر 16 سال قد چھوٹا تھا جس کو Tuberculinum + Medorrhinum + Syplilonum 1000

حسب ترتیب ہر ہفتے ایک خوراک کھلائی گئی۔اور اس کے ساتھ Calc-Phos 6x روزانہ چار بار۔دو ماہ میں دوانچ قد بڑھ گیا۔الحمدللہ

☆ فرینکفرٹ کے ہسپتال میں داخل ایک نوجوان بیٹی دل میں Clots کی وجہ سے زیر علاج تھی۔ ڈاکٹروں نے چھ ماہ کا وقت دیا۔مگر مایوسی زیادہ تھی۔ جب ہم سے رابطہ کیا ہم نے Arnica 200 + Lachsis 200 ملاکر تین بار دن میں اور Crataegus Q روزانہ تین بار دلوائی۔ایک مہینہ کے بعد اُن کا فون آیا کہ کل چیک اَپ ہوا اور ڈاکٹر حیران و پریشان ہوگئے۔رپورٹ دی کہ Clots تو ختم ہو چکا ہے، کہاں گیا ہم نہیں جانتے۔اس وقت ہر چیز

صحتمند ہے۔ الحمدللہ۔ دوا جاری رکھیں۔

☆ لنڈن ہسپتال کے ایک جوان مریض: دل کی کمزوری، دل کا پھیلنا، چلتے ہوئے سانس پھولنا۔ ایک صاحب اپنے ہاتھوں سے تھام کر ڈسپنسری بیت الفتوح لے کر آئے۔ ہم نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے Arnica + Lachsis + Ledum 200 ایک بار رات کو، اور Crataegus Q کے 9 قطرے Acconite Q کا ایک قطرہ تین بار، اور Calc-Flu 30 تین بار روزانہ، اور ایک بار صبح Oxalicacid 200 کمر درد کے لئے دلوایا۔ 4 ہفتے کے بعد ہسپتال میں چیک اَپ ہوا تو خدا نے فضل فرمایا۔ سب کچھ OK تھا۔ دوا جاری رکھنے کی ہدایت کی۔

☆ امریکہ میں بزرگ مریض پچھلے 5 سال سے واٹری ٹیبلٹ لیتے تھے۔ مگر مکمل فائدہ کبھی نہیں ہوا تھا۔ خاکسار نے Digitalis 30 تین بار دلوایا۔ 6 ہفتے کے بعد فون پر بتایا کہ جسم اس طرح صاف ہوگیا ہے کہ سوچا بھی نہ تھا۔ الحمدللہ

☆ جرمنی سے ایک مریضہ کے بچے کی پیدائش کے بعد پرابلم پیدا ہوگئیں۔ آخر پر سخت گاڑھا لیکوریا شروع ہوگیا جو نہایت تکلیف دہ اور بدبودار تھا۔ Sulphur + Pyrogenium 200 ایک بار روزانہ، اس

دعا

رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ

(القصص:25)

اے میرے ربّ! یقیناً میں ہر اچھی چیز کے لئے، جو تُو میری طرف نازل کرے، ایک فقیر ہوں۔

کے ساتھ Cp+Mp+Fp+Kp+Cs 6x تین سے چار بار روزانہ۔ اللہ نے فضل فرمایا۔ 2 ہفتے دوا لی اور شفا ہوگئی۔ الحمدللہ

☆ پاکستان میں ایک مریضہ کو برین ہیمرج ہوا۔ قوما ہوگیا۔ ڈاکٹروں نے علاج کیا اور کہا کہ Clot ماتھے پر آگیا ہے آپریشن ہوگا۔ خاکسار نے Arnica+Opium CM میں ایک خوراک دلوائی تو خدا نے فضل فرمایا۔ معجزانہ طور پر شفاء عطا فرمائی اور آپریشن کی ضرورت نہ پڑی۔ الحمدللہ

☆ ایک صاحب عمر 45 سال نے شکایت کی کہ سر گرم اور کئی سالوں سے گھومتا محسوس ہوتا ہے۔ خاکسار نے Opium + Arnica 1000 میں ملا کر ہفتہ وار دی۔ اللہ نے فضل فرمایا اور وہ ماشاءاللہ صحتمند ہیں۔

☆ 2 سال کی بچی۔ سخت گلا خراب۔ کوئی بھی چیز پیتی تو اچھو لگتا۔ خاکسار نے Belladonna + Arnica+ Phytolaca + Merc-Sol

200 میں دی اور شفاء ہوگئی۔ الحمدللہ

☆ 5 سالہ بچی کی آنکھوں میں گلٹیاں تھیں پپوٹوں کے اوپر۔ خاکسار نے Platanusoxy30 میں 3 بار دن میں دلوایا۔ ایک ماہ بعد پپوٹے بالکل صاف ہوگئے۔

☆ مولود احمد عمر ۵ سال کے ہاتھ ہر وقت حرکت کرتے تھے۔ اس پر خاکسار نے Mag-Phos 6X دیا اور خدا نے فضل کیا بچہ ٹھیک ہوگیا۔

